Rampur State Gazette.

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ ۱۵ شعبان ۱۳۵۳ھ مطابق ۲۴ نومبر ۱۹۳۴ء (جلد ۶۹)

حصہ اوّل

احکام اجلاس ہمایوں اعلیحضرت بندگانعالی دام اقبالہم و ملکہم

مطبوعہ عالیہ اسٹیٹ پریس رامپور

احکام جلالت مآب اعلیحضرت بندگان عالی متعالی دام اقبالہم و ملکہم

روبکار:-　　واقع ۲۰ر نومبر ۱۹۳۳ء

مابدولت واقبال آج شب کو نہضت فرمائے لکھنؤ ہوں گے۔ ۲۰ر نومبر ۱۹۳۳ء کی صبح کو انشاء اللہ مراجعت ہوگی۔ صاحب چیف منسٹر بہادر صاحب منسٹر بہادر انچارج سررشتہ تعلیم و پولیس۔ صاحب جوڈیشل منسٹر بہادر۔ صاحب پولیٹیکل منسٹر بہادر اور صاحب ملٹری سکریٹری بہادر ہمرکاب ہوں گے۔

بزمانہ غیر موجودگی مابدولت واقبال حسب ذیل انتظام منظور کیا جاتا ہے۔

(۱) صاحب ریونیو منسٹر بہادر کو منتخب دیا جاتا ہے کہ اہل حاجتوں کے [illegible] کاغذات جنہیں کوئی خاص اہمیت نہ ہو "بائی آرڈر" لکھ کر اپنے دستخط سے جاری کریں۔

(۲) صاحب چیف منسٹر بہادر۔ صاحب پولیٹیکل منسٹر بہادر اور صاحب منسٹر بہادر انچارج سررشتہ تعلیم و پولیس کا کام علاوہ اپنے کام کے صاحب ریونیو منسٹر بہادر اور صاحب جوڈیشل منسٹر بہادر کا کام صاحب چیف جسٹس بہادر اور صاحب ملٹری سکریٹری بہادر کا کام سردار صاحب بہادر ڈیوڑھی علاوہ اپنے کارہائے متعلقہ کے انجام دیں گے۔

(۳) صاحب ہاؤس ہولڈ منسٹر بہادر شب و روز قلعہ میں رہیں گے۔ اور جملہ امور متعلقہ محافظت کا انتظام صاحب ہاؤس ہولڈ منسٹر بہادر کے سپرد [illegible]

(۴) ہماری غیر موجودگی میں اگر کوئی خاص واقعہ [illegible] آجائے تو جملہ منسٹر صاحبان بہادر موجودہ رامپور [illegible] مشورہ کر کے طے کریں جو امر بعد مشورہ طے ہو اس کی تعمیل حکم مابدولت واقبال متصور ہوگی۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا برائے اجرائے احکام ضابطہ از سر[illegible] صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو۔

ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط بندگان عالی [illegible]

— ٭ —

بمتعلقہ حکم سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جا[illegible]

ایک نقل درج گزٹ ہو۔

۱۹ر نومبر ۱۹۳۳ء

حکم:-　　واقع ۲۰ر [illegible]

رپورٹ ملاحظہ ہوئی۔ چونکہ رویت ہلال کے شعبان کی ۵ تاریخ ۲۴ر نومبر ۱۹۳۳ء کو واقع ہوگی ملحوظہ فہرست تعطیلات میں ۲۲ر نومبر ۱۹۳۳ء درج [illegible] بنا برین تعطیل ولادت جناب صاحب [illegible] بجائے ۲۲ر نومبر کے ۲۴ر نومبر ۱۹۳۳ء کی منظور [illegible]

حکم نواب کاغذات متعلقہ برائے اجرائے احکام ضابطہ
سررشتہ صدر صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس پیش ہو
دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم

بنشائے حکم سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ
جاری ہوں ۲۰ نومبر ۱۹۳۳ء
توپ خانہ کو اطلاع کیواسطے ایک
نقل صاحب آرمی منسٹر بہادر کی خدمت میں ارسال ہو
(دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر)